Courtesy: Dr. Syed Abdul Pasha Sahib, Hyderabad. Digitization eGangotri

مناقب درشان

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لااُبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

مُرتاض

۱۴۴۱ھ

مصنف: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

سن تحریر ۱۱ر صفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء

ترتیب، تدوین وحل اللغات

قطمیرِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ولطیف لااُبالی رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لااُبالی الجیلانی سجادؔ

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعدپورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الہند)

زیر اہتمام

سید عبدالمؤخر قادری لااُبالی الجیلانی ارشادؔ پاشاہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad. Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qudari Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

مناقب درشان

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبد الرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

مُرتاض

۱۴۴۱ھ

مصنف: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

سن تحریر ۱۱رصفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء

ترتیب ' تدوین وحل اللغات

قطمیرِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ و لطیف لا اُبالی رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجادؔ

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدر آباد دکن (الھند)

زیر اہتمام

سید عبد المؤخر قادری لا ابالی الجیلانی ارشاد پاشاہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

کتاب کے بارے میں

یکے از مطبوعات دار الہدیٰ سلسلہ نمبر 73

نام کتاب	:	مُرتاض (مناقِب درشان فقیر)
مرتب	:	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی
سنہ اشاعت	:	۱۱ر ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق 9 ڈسمبر 2019ء
تعداد صفحات	:	68
تعداد اشاعت	:	1000
قیمت	:	100
کتابت	:	محمد جاوید در مطبع دار الہدیٰ
سرورق	:	حافظ محمد انوار اللہ صاحب
طباعت	:	مطبع دار الہدیٰ، مستعد پورہ، حیدرآباد۔
ناشر	:	دار الہدیٰ پبلیشر،

13-4-486, بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب '

مستعد پورہ ' کاروان ' حیدرآباد۔006 500۔

تلنگانہ اسٹیٹ۔الہند۔

فون نمبر: 040-2482 9438, 0091-9396354301,

8686223494, 8099574487

Hazrat Haadi E-Deccan Literary Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheemin Quadri Digitization eGangotri

رسم اجراء بدست

استاذ سخن، ملک الشعراء سردار سلیم صاحب

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالهدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پور حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد' ناشر' مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالهدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپے کا اضافہ ہوگا۔

پرنٹرس اور پبلیشرس یا کوئی ایصال ثواب کے لئے اس کتاب کی طباعت کے خواہش مند ہوں تو انہیں طباعت کی تحریری اجازت حاصل کرنا ہوگا (مفت)۔ اور وہ اجازت نامہ کتاب میں شامل کرنا ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔500006۔

لاُابالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لااُبالیؒ کرنول۔ کاظم سیریز حیدرآباد۔

عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد۔ شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد

حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد۔ مینار بک ڈپو نزد چار مینار، حیدرآباد۔

ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد۔ ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pasha Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

فہرست

سلسلہ	عنوان	صفحہ
۱	کتاب کے بارے میں	4
۲	حقوق ، دستیابی و رسم اجراء	5
۳	عرض حال	9
۴	قطعہ تاریخِ اشاعت	11
۵	مختصر سوانح حضرت فخرِ اولیاءؒ	12
۶	نوشہ بے سجادے عبداللہ شاہ ۔ از محمد شرف الدین شرفؔ	14
۷	عبدالرزاق قادری جنت مقیم ۔ حضرت ہادیٔ دکنؒ	16
۸	مرشد ہیں میرے عبدالرزاق قادری ولی۔ حضرت ہادیٔ دکنؒ	19
۹	حقیقی واقعات ۔ پہلا واقعہ ۔ حضرت ہادیٔ دکنؒ	20
۱۰	حقیقی واقعات ۔ دوسرا واقعہ ۔ حضرت ہادیٔ دکنؒ	22
۱۱	حقیقی واقعات ۔ تیسرا واقعہ ۔ حضرت ہادیٔ دکنؒ	23
۱۲	حقیقی واقعات ۔ خاتمہ ۔ حضرت ہادیٔ دکنؒ	24

Hazrat Haadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

۱۳	مہ اسلام کا ہالہ شہِ عبدالرزاق ۔ محمد خواجہ معین الدین بیابانی عارفؔ	25
۱۴	تم ہو محبوبِ رسالت شہِ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	27
۱۵	آپ ہو مرشد کامل شہ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	30
۱۶	غم میں جب ہم نے پکارا شہ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	33
۱۷	آپ کا روضہ انور شہ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	35
۱۸	ذرہ ذرہ ہے درخشاں شہ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	37
۱۹	پیر میرا قادری ہے خدا کی قسم ۔ الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ واعظہ بی	42
۲۰	رباعی ۔ الحاجہ قمر النساء بیگم قمرؔ واعظہ بی	44
۲۱	آپ ہو پیر معظم شہ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	45
۲۲	آپ ہیں واقفِ ہر فن شہ عبدالرزاق ۔ عارفؔ بیابانی	47
۲۳	حسنِ رُخ شاہا کا ہر شخص ہے دیوانہ ۔ لیاقت النساء لیاقتؔ	49
۲۴	اعلیٰ ہے یہ پیارا مکاں، قادری مکاں ۔ سید رحمت پاشاہ نہری	50
۲۵	نور سے معمور ہے روضہ شہ رزاق کا ۔ میر مظہر علی مظہر	51

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

۲۶	یہی جان جاناں ہیں رزاق بابا ۔	محمد غوث چنو	52
۲۷	خدا کے خاص بندے ہیں کرامت ان کی گھر کی ہے ۔	محمد خواجہ	53
۲۸	طالب دید ترے حاضر دربار ہوئے ۔	شیخ اسمٰعیل ذبیح	54
۲۹	یہ اولیاء کی ہے محفل، فقیر کا گھر ہے ۔	احمد شاہ ارشاد	55
۳۰	کیا ہے شاہی؟ فقیر جانے ہے ۔	احمد شاہ ارشاد	56
۳۱	عبدالرزاق پیر مغاں آپ پر ہوں ہزاروں سلام ۔	احمد شاہ ارشاد	57
۳۲	لب پہ نام آیا تمہارا شہ عبدالرزاق ۔	غلام طاہر مرزائی	58
۳۳	شکلوں میں جو پکارا شہ عبدالرزاق ۔	مرتب کتاب ھٰذا	60
۳۴	غم میں جس نے بھی پکارا شہ عبدالرزاق ۔	محمد اسلم خان احقر	61
۳۵	نام کتنا ہے یہ پیارا شہ عبدالرزاق ۔	سید عبدالمستعان قادری تحی	62
۳۶	غوث اعظم کے ہیں پیارے شہ عبدالرزاق ۔	سید جعفر حسینی	63
۳۷	مطبوعاتِ دارالہدیٰ ۔	بارہ گاہ حضرت پتھر والے صاحب	64

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

عرضِ حال

الحمد لله الحنان والمنان. اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له ولا نظیر ولا ثان. واشهد ان سیدنا و شفیعنا و حبیبنا و نبینا و مولانا محمد صلی الله علیه و اله و سلمَ و عبده ورسوله نبی ارسله للانس والجان . وعلی اله و ازواجه و اصحابه و زریتهٖ و اهل بیتهٖ و اولیاءِ امتهٖ ما طلع النیران .اما بعد.

زیرِ نظر کتاب حضور فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کی شان میں لکھی گئی مناقب پر مشتمل ہے۔

پہلی منقبت (تہنیت) آپ کے عقد مناکحت کے موقع پر محمد شرف الدین شرفؔ نے تاریخی مبارکبادی کی شکل میں تحریر کی۔ اِس منقبت کے تمام مصرعوں کے سرحرف کے اعداد جوڑنے سے عقد کا سن ۱۳۲۶ھ برآمد ہوتا ہے۔

آخری منقبت کتاب کی طباعت سے ۱۱ روز قبل یکم جمادی الاولی ۱۴۴۱ھ مطابق 28 ڈسمبر 2019ء کو لکھی گئی ہے۔

سنہ ۱۴۲۲ھ مطابق 2002ء میں حضرت فخر الاولیاء کے 50 ویں عرس کے موقع پر طرحی منقبتی مشاعرہ منعقد کیا گیا تھا اور کئی شعراء نے منقبتیں لکھیں۔ مگر تمام مناقب دستیاب نہ ہوسکیں۔

مَیں نے اس مجموعہ کا تاریخی نام ''مُرتاض۔ ۱۴۴۱ھ'' رکھا اور سنہ طباعت کی تاریخ بھی نکالی جس میں ۱۴۴۱ھ اور 2019 برآمد ہوتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

فصیح اور فارسی الفاظ کی حل اللغات کی گئی اور جہاں عوام الناس کا املاء کے غلط پڑھنے کا اندیشہ تھا وہاں اعراب بھی لگا دیئے گئے تا کہ الفاظ صحیح پڑھے جاسکیں۔

اِس گلدستہ میں کلام کی تعداد ۲۷ ہے۔

جملہ اشعار کی تعداد ۳۰۲ ہے۔

مَیں شکر گزار ہوں برادران خرد سید عبدالمتعال قادری لا ابالی، سید عبدالمستعان قادری لا ابالی، سید عبدالمقسط قادری لا ابالی، سید عبدالمؤخر قادری لا ابالی کا جو وقتاً فو قتاً میری مدد کرتے رہے۔ اور جب کبھی تحریری کام کرتے کرتے تھک جاتا تو میرے فرزند سید عبداللطیف ثانی قادری لا ابالی، اور میرے بھتیجے بھتیجیاں بالترتیب مقدام، عمار، امامہ، مخنف، امیرہ، دستگیر اطال اللہ عمرھم میرے پاس آتے اور کچھ دیر کھیلتے جس کی وجہ سے مَیں تازہ دم ہو جاتا اور پھر کام میں مصروف ہو جاتا۔

آخر میں مَیں شکریہ ادا کرتا ہوں محمد جاوید صاحب، محمد انور اللہ صاحب کا جو کتابت اور طباعت کے مراحل انجام دیئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اِس عمل کو قبول فرمائے۔

آمین

از

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب

۵؍ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق ۳؍ڈسمبر 2019ء سہ شنبہ

Hazrat Haadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ ۔ از مرتب

غافر و ساتر حقیقت حضرت رزاقؒ کی
یوں مُریدوں پر عنایت حضرت رزاقؒ کی
غیث ہیں مرتاض ہیں سجاد ہیں پیر مغاں
طارف بے مثل الفت حضرت رزاقؒ کی

ہر مصرعہ کے سرِ حرف کے اعداد جمع کرنے سے 2019 نکلتا ہے۔

لفظ مُرتاض کے اعداد جمع کرنے سے ۱۴۴۱ھ برآمد ہوتا ہے۔

Hazrat Haadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadiri Digitization eGangotri

حضرت فخر اولیاءؒ کے مختصر حالات

پیر و مُرشد شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبد الرزاق قادری لااُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ کی ولادت تعلقہ ادونی ضلع کرنول میں ۵ر محرم الحرام ۱۳۰۶ھ مطابق ۴ر آبان ۱۲۹۷ اف مطابق ۱۲ر ستمبر ۱۸۸۸ء یوم چہار شنبہ ہوئی۔

والد محترم کا نام حضرت سید شاہ غوث قادری لااُبالی الجیلانی اور والدہ محترمہ کا نام سیدہ خاتون صاحبہ بی بنت حضرت سید شاہ طاہر جُنیدی ہے۔

حلیہ مبارک: متوسط قد، کشادہ و بلند پیشانی، ابرو غیر پیوستہ، بلندی بینی، آنکھوں کے نیچے حلقے، رنگ صاف ڈاڑھی غیر گنجان اور تھوڑی پر (دونوں گالوں پر ڈاڑھی کے بال بہت کم تھے)، گردن بلند، گھر میں ہمیشہ سفید کرتا پاجامہ زیب تن فرماتے اور کروشیا کی سفید گول ٹوپی پہنتے۔ نماز جمعہ کے لئے یا کسی تقریب میں جانے کے لئے کبھی عبا اور کبھی شایا استعمال فرماتے اور عمامہ باندھ کر کندھے پر تیلیہ رومال ڈالتے۔ بسا اوقات شیروانی بھی استعمال فرماتے۔

آپ کا سلسلہ نسب: آپ کا سلسلۂ نسب ۲۳ ویں پشت میں حضور غوث اعظم سیدنا شیخ عبد القادرِ جیلانی سے اور ۳۴ ویں پشت میں حضرت سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملتا ہے یہ شجرۂ نسب تذکرہ اجداد ھادی، عطائے عطا، اور تذکرہ فقیر میں موجود ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized By eGangotri Cultural & Research Institute Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Digitization eGangotri

خوارق و کرامات: آپ کی کرامات بے شمار ہیں جن کا سلسلہ آج بھی جاری ہے جو تذکرہ فقیر میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

سفر: اللہ رب العزت نے آپ کو حج بیت اللہ اور زیارت مدینہ منورہ کی سعادت سے مشرف فرمایا۔ یہ سفر بحری جہاز سے چھ ماہ سے زائد عرصے کا تھا۔ حج بیت اللہ کے علاوہ عراق، شام، اردن اور قبلۂ اول بیت المقدس (فلسطین) کا بھی آپ نے سفر فرمایا اور یہ بھی چھ ماہ کا سفر تھا۔ یہ دونوں بحری دلچسپ سفر نامے الحمد اللہ کتابی شکل میں دستیاب ہیں۔

وصال: سات ماہ علالت میں گزار کر ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ م ۱۸ دسمبر ۱۳۵۳ء بروز جمعہ بعد عصر مکان مسکونہ کی خانقاہ میں وصال ہوا۔ ۱۱ ربیع الثانی کو مسجد چوک میں بعد نماز ظہر نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور بعد نماز عصر اندرون احاطہ درگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں تدفین عمل میں آئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں مُریدین و معتقدین کا جمِ غفیر موجود تھا۔

جانشین: آپ کے بھتیجے حجۃ العلماء والمشائخ ہادیٔ دکن حضرت شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ (جنہیں آپ نے اپنی حین حیات ہی اپنا جانشین مقرر فرمادیا تھا) آپ کے جانشین، سجادہ نشین اور مسندِ رُشد و ہدایت سلسلۂ عالیہ قادریہ رزاقیہ لاابالیہ پر جلوہ افروز ہو کر ۵۰ سال تک بندگان خدا کو راہِ ہدایت دِکھاتے ہوئے 450 تحقیقی کتب تصنیف و تالیف فرمائے۔

راقم الحروف: راقم الحروف (مرتبِ کتاب ھذا) حضرت ہادیٔ دکن ڈاکٹر سید شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کا خلف اکبر و جانشین ہے۔

فقط مرتب

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

تاریخی کلام بموقعہ عقد نکاح حضرت سید عبدالرزاق قادری (قدس اللہ سرہٗ)

(۹۰) صد شکر کراں رُوزوں بصد شوکت و جاہ

(۵۰) نوشہ بنے سجادۂ عبداللہ شاہ

(۲۰) گل، گلشن وحدت کے ہیں سہرہ میں گندھے

(۴۰۰) تنزیہ ہے باطرۂ دستار اشباہ

(۲۰) کلیوں میں ہے بند راز نحن و اقرب

(۲) پھولوں پہ ہے اینما تولوا کی نگاہ

(۵) ہے محفلِ عقدِ جانشینِ مُرشد

(۴) دل شاد غلاموں کے نہ کیوں ہوں واللہ

(۱) اللہ کی ہو شان تم عبدالرزاق

(۵) ہے تم میں سیادت کی جھلک نور نگاہ

(۵) ہو سلسلۂ قادریہ کے تم منظر

(۴۰) مولا کی نظر تم پہ رہے شام و پگاہ

(۳۰۰) شادی کی بہار رنگ لائے ایسا

(۲) بار آوریٔ نخل تمنا کی ہو چاہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

(۳۰۰) شادی کا ہے سنہ صنعت توشیح کا نور

(۲) پہونچینگے حقیقت کو حقیقت آگاہ

(۲۰) کر عرض شرفؔ تو بھی مبارک بادی

(۶۰) سعدین کا ہے یہ قِراں رہے ہمیشہ اللہ

جملہ ۱۳۲۶

ہر مصرعہ کے سرحرف کے اعداد سے سنہ نکلتا ہے ۱۳۲۶ھ۔

نتیجۂ فکر (محمد شرف الدین شرفؔ)

مقام: دروازہ دودھ باولی کمان سوکی میر کمان

بتاریخ ۲/ جمادی الثانی ۱۳۲۶ھ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

تاریخی منقبت

از: جانشین وسجادہ نشین حضرت فخر الاولیاء قدس اللہ سرہٗ العزیز

حجۃ العلماء والمشائخ ہادیٔ دکن حضرت سید شاہ محی الدین قادری ھادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ۔

پہلے حمدِ ربّ و خلّاق و کریم
اور پھر نعتِ نبیٔ مستقیم

منقبت کرتا ہوں تایا کی رقم
تھے مرے مرشد و استاذ عظیم

تھے مریدوں کے وہ مرشد بے بدل
اُن کو پہچانے نہ کم علم و علیم

قابلِ تقلید اوصاف آپ کے
عابد و ذاکر و شاغل اور فہیم

انکساری تھی طبیعت میں بہت
آپ تھے ہمدرد ، مونس اور حلیم

تھے مثالی آپ کے اخلاق بھی
تھے مریدوں پر ہمیشہ ہی رحیم

غصہ گر کرتے تو کہتے بس خَبیث
اس سے زائد کچھ نہ کہتے وہ سلیم

Hazrat Haadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri

تھے یتیموں ، بے کسوں کے دستگیر

ہر رفاہی کام میں سب کے سہیم (۱)

اہلِ قریہ کی بھلائی کے لئے

مُدّتوں گاؤں میں رہتے تھے مقیم

قرضِ حَسن سے کئی تھے مستفید

کچھ تو لوٹائے ، ڈبوئے کچھ لئیم (۲)

بیس برسوں تک کیا وعظ آپ نے

گمرہوں کو رہ بتائی مستقیم

راہِ جنت اور گلشن نعت کا

دو کتابیں آپ کی یہ ہیں عظیم

اک تکبر ، ایک ہے عرفانِ حق

دونوں مخطوطوں (۳) میں ہے حکمت رقیم

پیروی ہر دم شریعت کی کئے

تھے طریقت ، معرفت میں بھی عظیم

---

(۱) شریک ، حصہ دار۔ (۲) کنجوس ' جو نہ خود کھائے اور نہ دوسرے کو دے۔

(۳) یہ دونوں مخطوطات تحقیق و تخریج کے بعد طباعت کے مراحل میں ہیں۔ حضرت کی جملہ تصانیف (۱۱) گیارہ ہیں۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelre Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

تھے رسول اللہؐ پر بے حد فِدا

غوثِ اعظمؒ سے عقیدت تھی قدیم

دس ربیع الثانی کو رحلت ہوئی

گیارہ کو تدفین پائے وہ فہیم

قبلِ مغرب جمعہ کو پائے وصال

شنبے کو پہنچے سوئے خُلدِ نعیم

نام میں تاریخ ہادیؔ ہے رقیم

"عبدالرزاق قادریؒ جنت مقیم"

(نوٹ: مقطع کے دوسرے مصرعے میں سن وصال ۱۳۷۳ھ نکلتا ہے)

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri

نظم بعنوان حقیقی واقعات

از: سید محی الدین قادری ہادیؔ سجادہ حضرت ممدوحؒ

مرشد ہیں میرے عبدالرزاقؒ قادری ولی
صادق مرید کو ہے اُن سے اُلفتِ دِلی

ہے اعتقادِ صدق کی پہچان بس یہی
مرشد کی کچھ صفات کو پیدا کریں خود بھی

کیا آپ کی صفات بیاں یہ کرے ہادیؔ
تھے عابد و امین، پرہیزگار، متقی

میں تین واقعات رقم کرتا ہوں یہاں
ہر معتقد، مرید پڑھے، کرے عمل بھی

....

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

پہلا واقعہ

کپڑا خریدنے کسی دوکاں پہ اک دفعہ
تشریف آپ لے گئے ، کچھ کپڑا خریدا!

باتوں میں دکاندار سے کاڑی کی ڈبی لی
لیکن اُسے دے دینا ذہن سے نکل گیا

ڈبی جو دیکھی جیب میں گھر واپسی کے بعد
خوفِ خدا سے آپ کا چہرہ زرد ہُوا

خادم سے یہ ارشاد کیا جلد ٹانگہ لائے
میں ڈبّی اُس کو اِسی وقت دے کے آوں گا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

اُس نے کہا کہ "دیجئے کل" آپ نے کہا
"کل تک بھی رہوں نہ رہوں اس کا کیا پتہ"

بولا وہ "میں دے آتا ہوں" فرمایا آپ نے
"یہ میرا ہے گناہ مجھے ہے ملے سزا"

تانگہ منگا کے جلد گئے، ڈبی اس کو دی
یہ دیکھ کر دکاندار حیران رہ گیا

چھ پیسے کی ڈبی کی حقیقت تو کچھ نہ تھی
لیکن عذاب حق سے تو بچنا محال تھا

کیسی امانت آپ کی تھی، غور کیجئے
کافی ہے نصیحت کو یہ بس ایک واقعہ

....

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

دوسرا واقعہ

اک بار آپ نے تھا لیا رہن کا مکاں
اُس کا کرایہ لیتے تھے ہر ماہ بے گماں
کچھ عرصے بعد آپ کو معلوم یہ ہُوا
ہے رہن کے مکاں کا کرایہ بھی سود ہاں
جیسے ہی علم آپ کو اِس مسئلے کا ہوا
اُٹھے قدم عمل کو نہ تھی دیر کچھ وہاں
اب تک کرایہ جتنا لیا سب ہی دے دیا
حیران ہوا لے کے رقم مالکِ مکاں
کیا اتقاء تھا آپ کا، ہے یہ مقامِ فکر
......رشوت، رہن سود جو لیتے ہی سونچیں یاں

....

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

تیسرا واقعہ

رحلت سے پہلے سات مہینے رہے بیمار
جس سے ہوئے فریش ، نحیف اور بے قرار

ان سات ماہ میں یہ رہا آپ کا عمل
بھولے سے بھی نماز قضا کی نہ ایک بار

رکھی تھی تھیلی ریت کی تیمم کے واسطے
بیٹھے یا لیٹے کرتے ادا فرض کردگار

پیشِ نظر ہمیشہ یہ فرمانِ نبیؐ تھا
ترک الصّلوٰۃ شِرک تو چھوڑے نہ زینہار

جو چھوڑے جان بوجھ کے اک وقت کی نماز
وہ کفر قریں ہوا "ہے حکم ذی وقارؐ"

....

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

خاتمہ

ہو معتقد، مرید یا کوئی بھی عبدِ رب
اوپر کے واقعات کو پڑھ کر وہ سوچے اب
کیا ہم میں خوفِ رب و دیانت ہے یا نہیں؟
کتنی نمازیں چھوٹتی ہیں ہم سے بے سبب؟
اللہ کے فرمان و احکام نبیؐ کے
پابند اب نہ ہوئیں تو ہم ہوئیں گے پھر کب؟
ہے یہ عمل کا وقت بڑھو نیکیوں کی سمت
اگر آنکھ بند ہو تو نہ کچھ کر سکیں گے جب
ہے ہادی کی دعا دے ہمیں عمل کی توفیق
اور بخش دے گناہ ، گنہگار ہیں ہم سب

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت

مہِ اسلام کا ہالا شہ عبدالرزاقؒ
شمعِ حق کا اجالا شہ عبدالرزاقؒ

آپ نے اپنے مُریدین پر کرم فرماکر
ہر مصیبت سے نکالا شہِ عبدلرزاقؒ

غم کے ماروں کی مدد آپ نے ہر گام پہ کی
گرنے والوں کو سنبھالا شہ عبدالرزاقؒ

آپ کے در کی غلامی کا مِلا جِس کو شرف
اُس کا رُتبہ ہُوا بالا شہِ عبدالرزاقؒ

سُرخرو دین میں دنیا میں رہے گا بے شک
آپ کا چاہنے والا شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کی نظرِ شفقّت رہی یکساں سب پر
چاہے گورا ہو یا کالا شہ عبدالرزاقؒ

آپ نے سینکڑوں بھٹکے ہوئے انسانوں کو
دین کی راہ پہ ڈالا شہ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

اپنے ہاتھوں سے دیا اپنے وفاداروں کو
مئے توحید کا پیالا شہ عبدالرزاقؒ

آپ کے عِلم سے عرفان سے بس ہو کے رہی
آپ کی شان دوبالا شہِ عبدالرزاقؒ

راہِ جنت جو دکھائی تو در دوزخ کو
لگ گیا فضل کا تالا شہ عبدالرزاقؒ

سامنے آپ کے گلہائے تکلّم کے حضور
ہیچ ہیں سنبل و لالہ شہ عبدالرزاقؒ

شمعِ حق جو جلائی تھی جہاں میں تم نے
اس کا اب تک ہے اُجالا شہ عبدالرزاقؒ

آج بھی آپ کا دربار ہے دربارِ سخا
جس کا فیضان نرالا شہ عبدالرزاقؒ

المدد حضرت ذیشان مصیبت میں ہوں
زندگی ہے تہ و بالا شہِ عبدالرزاقؒ

کیا بیاں آپ کی توصیف کرے عارفؔ زار
آپ ہیں مدح سے بالا شہ عبدالرزاقؒ

از: محمد خواجہ معین الدین بیابانی عارفؔ

۱۱/ربیع الثانی ۱۳۷۴ھ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

منقبت

تم ہو محبوبِ رسالت شہِ عبدالرزاقؒ
تم ہو دارین کی دولت شہ عبدالرزاقؒ

آپ کے فیض کا شہرہ ہے زمانے بھر میں
ہم پہ بھی نظر عنایت شہ عبدالرزاقؒ

منبع لطف و کرم ، پیکرِ تسلیم و رضا
تم سراپا ہو مروت شہ عبدالرزاقؒ

جس نے پایا تمہیں بے شک دو عالم پایا
تم ہو اللہ کی رحمت شہِ عبدالرزاقؒ

فیضِ سر چشمۂ مؤاج سے سیراب ہوئے
سینکڑوں تشنۂ الفت شہ عبدالرزاقؒ

گنجِ مخفی کا ہے آئینہ تمہارا دیوان!
آشکارا ہے حقیقت شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

در پہ آیا جو پریشان ، ہُوا فضلِ خُدا
ٹل گئی اُس کی مصیبت شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے فیض سے اللہ کے متوالوں کو
نظر آئی رہِ جنّت شہِ عبدالرزاقؒ

تاج شاہی بھی فقیری پہ تمہاری قرباں
تم نے کی ہے وہ حکومت شہِ عبدالرزاقؒ

آج بھی آپ کے دربار سے اللہ اللہ
بٹتی ہے دین کی دولت شہِ عبدالرزاقؒ

آج بھی آپ کے مئے خانے سے ہر میکش کو
ملتے ہیں جامِ محبت شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Hadi E-Deccan Library Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

نازکرتے ہیں غلامی پہ سبھی حلقہ بگوش
جانتے ہیں اسے عزت شہِ عبدالرزاقؒ

جس نے قرآن و حدیث آپ سے سیکھا اُس پر
کُھل گیا بابِ شریعت شہِ عبدالرزاقؒ

گِھر گئی کشتی دیں دہر کے طوفانوں میں
آیئے بہر عنایت شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے چاہنے والوں کو دعا دیں تاکہ
اُن پہ ہو سایۂ رحمت شہِ عبدالرزاقؒ

دولتِ دین جو نادر ہے ملے عارفؔ کو
منبعِ جود و سخاوت شہِ عبدالرزاقؒ

از: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

۱۱؍ذی الحجہ ۱۳۷۵ھ

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

منقبت

آپ ہیں مرشدِ کامل شہِ عبدالرزاق
حاصلِ زیست کے حامل شہِ عبدالرزاق

کیوں ڈریں گے کسی طوفان سے شیدائے حضور
ساتھ جب آپ ہیں شامل شہِ عبدالرزاق

دوست تو دوست ہیں دشمن بھی حقیقت میں ہوئے
آپ کے خُلق(1) کے قائل شہِ عبدالرزاق

قلب سے دُور نہ ہوجائے اندھیرا کیونکر
آپ جب ہیں مہِ کامل شہِ عبدالرزاق

صیقلِ فیض سے آئینۂ دل چمکایا
مٹ گیا نقشۂ باطل شہِ عبدالرزاق

دونوں عالم میں مریدوں کی رہے کھیتی سبز
رحمتِ حق کے ہو بادل شہِ عبدالرزاق

---

(1) اخلاق۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

سینکڑوں اپنے غلاموں کو بنایا تم نے
عرصۂ دہر میں قابل شہِ عبدالرزاقؒ

اُن گنہ گاروں کو دامن میں جگہ دی تم نے
جو نہ تھے آپ کے قابل شہِ عبدالرزاقؒ

جس نے دامانِ کرم تھام لیا اُس کے پاس
خود بخود آ گئی منزل شہِ عبدالرزاقؒ

یہ ہے تاثیرِ نظر اُس کو کیا آبِ حیات
جو کہ تھا زہر ہلاہل شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے روضۂ انور پہ ہے خلقت کا ہجوم
آپ اُمیدوں کی منزل شہِ عبدالرزاقؒ

پھنس گئی گردشِ طوفان میں ، پہنچا دینا
میری کشتی لبِ ساحل شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

آپ مائل بہ کرم ہیں مرا دامن خالی
بھر دو اس کو کہ ہوں سائل شہِ عبدالرزاقؒ

مجھ گنہگار سے اے حضرتِ فردوس مقام!
کیا بیاں ہونگے فضائل شہِ عبدالرزاقؒ

آفتاب آپ ہیں، اب اِس کے لئے کیا ہے ضرور
کچھ بَراہین(۱) و دلائل شہِ عبدالرزاقؒ

کیجئے آپ دعا تاکہ ہو مشکل آساں
مشکلیں ہوگئیں حائل شہِ عبدالرزاقؒ

کیا بیاں آپ کی مدحت کرے عارفؔ جب کہ
آپ ہیں مُرشدِ کامل شہِ عبدالرزاقؒ

از: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

۱۱ر محرم الحرام ۱۳۷۶ھ

☆☆☆

---

(۱) دلیل، حجت۔

Hazrat Hadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت در مدح

غم میں جب ہم نے پکارا شہِ عبدالرزاقؒ
بن گئے اپنا سہارا شہِ عبدالرزاقؒ

جو ہُوا دِل سے تمہارا شہِ عبدالرزاقؒ
وہ ہے اللہ کا پیارا شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے سامنے پھیلائے ہیں دامان تہی
اس کو بھر دیجے خدارا شہِ عبدالرزاقؒ

شامِل حال کرم ہو تو ملے گا اک دن
میری کشتی کو کنارا شہِ عبدالرزاقؒ

اب کہاں جائیں گے یہ آپ کے خادم جب کہ
نام لیتے ہیں تمہارا شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کا ہم پہ کرم ہو تو چمک جائے گا
اپنی قسمت کا ستارہ شہِ عبدالرزاق

جان مشکل میں ہے لِلّٰہ مدد فرمائیں
اب نہیں ضبط کا یارا شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے ہوکے کسی اور سے جاکر مانگیں
یہ نہیں ہم کو گوارا شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Quadri Digitization eGangotri

دِل سے غم دُور ہُوا مشکلیں آسان ہوئے

مَیں نے جب تم کو پکارا شہِ عبدالرزاق

جس نے مُنہ آپ سے موڑا' اُسے ہوکر ہی رہا

دین و دُنیا میں خسارہ شہِ عبدالرزاق

جس نے پایا تمہیں بے شبہ وہ جیتا بازی

جس نے کھویا تمہیں' ہارا شہِ عبدالرزاق

ہر مصیبت میں، ہر آفت میں مدد کرتے ہیں

بے کسوں کا ہیں سہارا شہِ عبدالرزاق

آپ نے علم طریقت کو بڑی خوبی سے

دی جلا اور سنوارا شہِ عبدالرزاق

نظرِ لطف و کرم مجھ پہ بھی ہوجائے حضور

میں زمانے کا ہوں مارا شہِ عبدالرزاق

آپ جب ساتھ ہیں عارفؔ کے تو ہوجائے گا

چین سے اُس کا گزارا شہِ عبدالرزاق

نتیجۂ فکر: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

۱۱/ جمادی الاولی ۱۳۷۶ھ م 1956

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

آپ کا روضۂ انور شہ عبدالرزاقؒ
نورِ حق سے ہے منور شہ عبدالرزاقؒ

دینِ فطرت کے مصوّر شہِ عبدالرزاقؒ
شانِ اسلام کے مظہر شہِ عبدالرزاقؒ

اہلِ دنیا کے لئے قابلِ تقلید و عمل
آپ کا باطن و ظاہر شہ عبدالرزاقؒ

جس پہ ہوجائے کرم آپ کا اے رہبرِ دیں!
اُس کا بن جائے مقدّر شہِ عبدالرزاقؒ

دلِ ویراں میں جب سے کہ ہوئے آپ مکیں
رشکِ فردوس ہے یہ گھر شہِ عبدالرزاق

جب کوئی یاد کیا تم کو پریشانی میں
اُس کے فوراً ہوئے یاور شہِ عبدالرزاقؒ

آپ نے کھول دیئے دین کے اسرار و رُموز
جادۂ حق کے ہیں رہبر شہ عبدالرزاقؒ

آپ کی یاد نے کچھ ایسی جلا دی ، کہ ہُوا
دلِ تاریک مُنوّر شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

جاں لبوں پر ہے بری اور بہت پیاسا ہُوں
دیجے عرفان کا ساغر شہ عبدالرزاقؒ

دیکھ پائے درِ والا کی بزرگی و جلال
صدقے ہو شانِ سکندر شہِ عبدالرزاقؒ

فضلِ حق اُس پہ ہُوا ، اُس کا مقدّر چمکا
جو رہا آپ کا ہو کر شہِ عبدالرزاقؒ

روضۂ پاک سے چلنے لگی اب بادِ شمیم
گوشہ گوشہ ہے معطّر شہ عبدالرزاقؒ

آستانے پہ جو آئے تھے بنانے بگڑی
بن گئے اُن کے مقدّر شہِ عبدالرزاقؒ

دل ویران ہے جب سے کہ ہوئے آپ مکیں
رشکِ فردوس ہے یہ گھر شہ عبدالرزاقؒ

پا لیا آپ کے دربار سے جو فیض و کرم
ہے وہ منصور و مظفر شہ عبدالرزاقؒ

مدح لکھی تو ہے عارفؔ عاصی نے مگر
یہ نہیں کوئی سخنور شہ عبدالرزاقؒ

از: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۶ھ م 1956

Hazrat Haadi E-Deccan Library Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت در مدح حضرت فخراولیاءؒ

ذرّہ ذرّہ ہے درخشاں شہِ عبدالرزاقؒ
آج ہے جشنِ چراغاں شہِ عبدالرزاقؒ

پرتَوِ جشنِ چراغاں سے شبِ تار بھی آج
ہے منوّر و درخشاں شہِ عبدالرزاقؒ

مرقدِ پاک پہ گلہائے عقیدت ہیں نثار
آج روضہ ہے گلستاں شہِ عبدالرزاقؒ

کہیں میلاد کہیں نعت پڑھی جاتی ہے
ہے عجب رنگِ بہاراں شہِ عبدالرزاقؒ

منقبت گوئی کہیں ، مدح کہیں ہوتی ہے
ہر طرف حق کا ہے فیضاں شہِ عبدالرزاقؒ

وعظ کی محفلیں جاری ہیں صبح سے تا شام
رحمتِ حق ہے فروزاں شہِ عبدالرزاقؒ

آج کی صبح حقیقت میں ہے رنگین بہار
آج کی شام زر افشاں شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

آج حاضر سرِ دربار ہیں سب اہلِ وطن

غیر مسلم و مسلماں شہِ عبدالرزاق

روضۂ پاک پہ مجمع ہے وفا کیشوں کا

آج ہر فرد ہے نازاں شہِ عبدالرزاق

آج ہیں آپ کے خدّام بہت ہی مسرور

اور دشمن ہیں پریشاں شہِ عبدالرزاق

اہلِ کیں آج کے جلوؤں کا نظارہ جو کریں

لوٹیں وہ ہو کے پریشاں شہِ عبدالرزاق

آپ کے جلوۂ تقدیس کا ہر سُو ہے ظہور

چشمِ مشتاق ہے حیراں شہِ عبدالرزاق

آپ کے حلقہ بگوش آپ سے نسبت پاکر

اپنی قسمت پہ ہیں نازاں شہِ عبدالرزاق

مخزنِ جود و سخا ، منبعِ برکات و فیوض

مظہرِ رحمتِ یزداں شہِ عبدالرزاق

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qudeer Digitization eGangotri

مانگنے والوں کو حاجت سے سِوا(۱) دیتے ہیں
آپ ہیں حاتمِ دوراں شہِ عبدالرزاقؒ

جس قدر مانگ سکو مانگنے والو! مانگو
آج بے حد ہیں مہرباں شہِ عبدالرزاقؒ

آج جس نے بھی مدد آپ سے چاہی، اُس کی
ہوگئیں مشکلیں آساں شہِ عبدالرزاقؒ

آج ہوجائے کرم آپ کے پروانوں پہ
ہیں بہت بیکس و حرماں(۲) شہِ عبدالرزاقؒ

جمع کیوں آج نہ ہوں دُور کے رہنے والے
جب ہیں ملجائے غریباں شہِ عبدالرزاقؒ

آج تِل دھرنے کو روضہ میں نہیں ملتی جا(۳)
ہے وہ انسانوں کا طوفاں شہِ عبدالرزاقؒ

آج آئی ہے صبا روضۂ والا چھوکر
اس لئے وہ ہے گل افشاں شہِ عبدالرزاقؒ

(۱) زیادہ۔ (۲) ناامید۔ (۳) جگہ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

میکشو خوب پیو آج ہیں دیکھو دیکھو
ساقیِ چشمۂ عرفاں شہِ عبدالرزاقؒ

دعوتِ عام ہے ، موجود ہیں یاں کتنی عوام
فُقراء اور غریباں شہِ عبدالرزاقؒ

صاحبِ ثروت و نادار کا یاں فرق نہیں
سب ہیں بیٹھے ہوئے یکساں شہِ عبدالرزاقؒ

آج جو تھام لیا آپ کا دامن وہ ہُوا
گویا فردوس بداماں شہِ عبدالرزاقؒ

آج بھی آپ کے اخلاص و رواداری کی
ساری محفل ہے ثناء خواں شہِ عبدالرزاقؒ

دین و ملت کے محافظ ، رہِ حق کے ھادی
قوم و ملت کے نگہباں شہِ عبدالرزاقؒ

کس طرح چھوڑ دیں ہم آپ کا دامانِ کرم
آپ ہیں دَرد کے درماں شہِ عبدالرزاقؒ

لُٹ رہے ہیں دُرِ مقصود ، دَرِ والا پر
جوش پر آج ہے فیضاں شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Hadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

با ادب ہو کے جو پڑھتے ہیں دُرود اور سلام
تقویت پاتا ہے ایماں شہِ عبدالرزاقؒ

خانۂ دل کی میرے اور بھی رونق بڑھ جائے
آپ ہوجائیں جو مہماں شہِ عبدالرزاقؒ

تا قیامت رہے باقی ہے دعا عارفؔ کی
رنگِ دربار کی یہ شاں شہِ عبدالرزاقؒ

آمین

از: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ
۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۶ھ م 1956ء

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

قصیدہ

پیر میرا قادری ہے خدا کی قسم
قادری قادری ہے خدا کی قسم

تیری صورت میں ہے جلوۂ قادری
قادری قادری ہے خدا کی قسم

شان میں اس کی آیت تطہیر ہو
اس کی کیا شان بیاں ہو خدا کی قسم

جلوۂ قادری جلوۂ چشتیہ
دونوں رنگ مِلا ہے خدا کی قسم

پیر کامل کی دیکھو یہی شان ہے
بس (۱) کو کرلے طِلاء (۲) ہے خدا کی قسم

پرتوِ پیر سے یہ ملی نعمت
دل کی یہ روشنی ہے خدا کی قسم

تیرے قدموں کا صدقہ ہے سائیں میرے
جو قمر کو ملا ہے خدا کی قسم

---

(۱) تانبا۔ (۲) سونا، ملمع۔

Hazrat Haadi E Deccan Digitization Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Quadri Digitization eGangotri

تیری توصیف کیا کر سکے یہ قمر
یہ سگ آستاں ہے خدا کی قسم

جس نے اپنے ہی رنگ میں لیا ہو رنگ
ایسا رنگ ریز پیا ہے خدا کی قسم

سر پر قایم رہے سایۂ قادری
یہ قمؔر کی دعا ہے خدا کی قسم

از: الحاجہ قمر النساء بیگم قمؔر المعروف واعظہ بی

۳؍ربیع الآخر ۱۳۷۶ھ م 1956ء

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

رباعی

مشتاق ہر اک آنکھ کا تارا ہو تم
بے یار و مددگار کا یارا ہو تم

ممکن نہیں تعریف قمر سے شاہا
ہر بے کس و بے بس کا سہارا ہو تم

از: الحاجہ قمر النساء بیگم قمر المعروف واعظہ بی

۱۱ / ربیع الآخر ۱۳۷۶ھ م 1956ء

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

آپ ہو پیرِ معظم شہِ عبدالرزاقؒ
محترم اور مکرم شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے پند و نصائح ہیں عمل کے قابل
آپ کی بات مسلّم شہِ عبدالرزاقؒ

آپ احکامِ شریعت پہ عمل پیرا ہیں
آپ کا تقویٰ ہے محکم شہِ عبدالرزاقؒ

رکھدئے کھول کر وہ آپ نے عُقدے(۱) سارے
جو تھے پیچیدہ و مبہم(۲) شہِ عبدالرزاقؒ

خندہ پیشانی سے ہر وادیٔ عرفاں طئے کی
گرچہ تھی راہ یہ پُر خَم شہِ عبدالرزاقؒ

ہر گھڑی دینِ براھیم(۳) کو دنیا پہ حضور
آپ نے رکھا مقدم شہِ عبدالرزاقؒ

(۱) گرہ، مسئلہ۔ (۲) پوشیدہ، چھپے ہوئے۔ (۳) دینِ ابراھیمیؑ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

اپنی ہستی پہ جنہیں ناز تھا وہ بھی شاہا
آپ کے آگے تھے بیدم شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے دستِ مبارک پہ کی بیعت جس نے
غمِ عقبیٰ سے تھا بے غم شہِ عبدالرزاقؒ

ہجر میں آپ کے اور یاد میں شاہِ والا
چشمِ مشتاق ہے پُر نم شہِ عبدالرزاقؒ

رُخِ پر نور کی جاں بخش جھلک دِکھلادو
ہجر سے آنکھوں میں ہے دم شہِ عبدالرزاقؒ

کیفیت روضۂ والا کی بیان کیا کیجیے
ہے بس اک کیف کا عالَم شہِ عبدالرزاقؒ

عارفؔ مدح سرا سوختہ جاں اِس پر بھی
فیض جاری رہے دایم شہِ عبدالرزاقؒ

از: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

۱۵ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۶ھ م 1956ء

☆☆☆

Hazrat Haadi E-Deccan Literary Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

آپ ہیں واقف ہر فن شہِ عبدالرزاقؒ
آپ کا قلب ہے روشن شہِ عبدالرزاقؒ

دلِ بیمار شفا پائے اگر ہوجائیں
خواب میں آپ کے درشن شہِ عبدالرزاقؒ

غمِ دنیا میں گھرا جاتا ہوں بے چین ہے دل
کیجیے دور یہ الجھن شہِ عبدالرزاقؒ

آج بھی آپ کے اخلاق و رواداری کے
معترف دل سے ہیں دشمن شہِ عبدالرزاقؒ

مرجعِ اہل جہاں آپ کا بے وہم و گماں
سبزی منڈی میں ہے مدفن شہِ عبدالرزاقؒ

پانے والوں نے تو پا ہی لیا مقصد اپنا
تھام کر آپ کا دامن شہِ عبدالرزاقؒ

رُخِ انور کا تصوّر جو تمہارے آیا
خانۂ دل ہوا روشن شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

آپ کے روضے پہ مغرور بھی گر آجائے
اُس کی جھک جاتی ہے گردن شہِ عبدالرزاقؒ

دل میں آجاؤ سما جاؤ اُتر جاؤ کہ ہے
کب سے خالی یہ نشیمن شہِ عبدالرزاقؒ

لُطف فرماؤ ' اُٹھا ڈالو جو یہ حائل ہے
رَمز و اسرار کی چلمن شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے جو ہیں انہیں فکر جہاں کیونکر ہو
آپ جب اُن کے ہیں مامن(۱) شہِ عبدالرزاقؒ

ضَرَرِ بادِ مخالف سے بچالیجے مجھے
ہے زمانہ برا دشمن شہِ عبدالرزاقؒ

دمِ نزع بھی سلامت رہے ایماں عارفؔ
ہو دعا فیض کے مامن شہِ عبدالرزاقؒ

از: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

۱۶ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۶ھ م 1956ء

---

(۱) امن والا مقام۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pele Mohammed Qadri Digitization eGangotri

منقبت

حُسنِ رُخِ شاہا کا ہر شخص ہے دیوانہ
پیر شمعِ ہدایت ہیں مریدین ہیں پروانہ

کیا دیر ہے حسن پاشا(۱) یہ در ہے وہ میخانہ
ساغر پہ چلے ساغر پیمانے پہ پیمانہ

کہتی ہے اِسے دنیا دربار رزّاقی
یہ بادۂ وحدت کا میخانہ ہے میخانہ

جی چاہے تیرا جس میں اے شہِ رزّاق! آجا
آنکھیں بھی ترے گھر ہیں' دل بھی ترا کاشانہ

بی صاحبہ (۲) محبت میں سرشار و بے خود ہیں
بغداد کا ساقی ہے بغداد کا پیمانہ

اے شہ تیرے پرَتو سے اے شہ تیرے جلوے سے
معمور قمر کا دِل روشن ہے یہ کاشانہ

لیاقت یہ مقدم ہے الفت میں فنا ہونا
جو کچھ ہے محبت ہے کعبہ ہے نہ بُت خانہ

از: لیاقت النساء لیاقت اہلیہ مولوی مظفر علی صاحب، زمیندار

۱۱ ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ

---

(۱) جانشین حضرت فخرِ اولیاء حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی المعروف حسن پاشاہ۔

(۲) حضرتہ الحاجہ سیدہ محمود النساء المعروف بی صاحبہ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pee Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

منقبت

اعلیٰ ہے یہ پیارا مکاں ، قادری مکاں
آرامِ دل ، مسرتِ جاں قادری مکاں

کیا پوچھتے ہو ہم سے پتہ کوئے یار کا؟
ہم قادری ، ہمارا مکاں قادری مکاں

یوں تو جہاں میں سینکڑوں لاکھوں مکان ہیں
کچھ اور ہی ہے تیری تو شاں قادری مکاں

ملتی ہے سب کو راہ ہُدیٰ مرد ہو یا زن
کیسا ہے یہ نیارا مکاں قادری مکاں

رزّاقی آستانے سے سب کو مِلے مراد
پتھر والے صاحب کا مکاں قادری مکاں

ہر معتقد ، مرید کو الفت ہے شیخ سے
ہادیؔ کا یہ چمن ہے جِناں[1] قادری مکاں

احمدؔ تجھے تو گوہرِ مقصد مِلے ضرور
تیرا یقین ، تیرا گماں قادری مکاں

از: سید احمد پاشاہ نہری احمدؔ ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ

---

(۱) جنت کی جمع۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

نور سے معمور ہے روضہ شہِ رزّاق کا!!
اک سکون قلب ہے روضہ شہِ رزاق کا

نائبِ غوث الوریٰؓ ہیں نور چشمِ مصطفےٰؐ
یہ ہے عظمت اور یہ رُتبہ شہِ رزاق کا

اُن کے جلوے میں نظر آتے ہیں جلوے غوثؓ کے
اک تماشا ہے رُخِ زیبا شہِ رزاق کا

چاہنے والوں کو قدموں سے نہیں کرتے ہیں دُور
کیا کرم ہے دیکھئے کیسا شہِ رزاق کا

دل کی آنکھیں چاہیئے چشمِ بصیرت چاہیئے
دیکھنے کے واسطے جلوہ شہِ رزاق کا

لے رہا ہوں گلشنِ بغداد کے مظہر مزے
چَین کا سامان ہے کونچہ شہِ رزاق کا

از: میر مظہر علی صاحب مظہر ۱۱ر ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheemin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

یہی جانِ جاناں ہیں رزّاق باباؒ
یہی بحرِ عرفاں ہیں رزّاق باباؒ

رسولِ عربؐ کے نواسے یقیناً
کہ شیرِ نیستاں ہیں رزاق باباؒ

گلِ بوستانِ علیؓ ہیں یہ بے شک
بہارِ گلستاں ہیں رزاق باباؒ

وراثت ملی جن کو غوث الوریٰؒ کی
کہ شمعِ شبستاں رزاق باباؒ

اِسی در کے ٹکڑوں پہ پلتا ہے چنّوؔ
کہ مجھ پہ مہرباں ہیں رزاق باباؒ

از: محمد غوث عرف چنّوؔ میاں الکٹریشن ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۸۰ھ

☆☆☆

Hazrat Haadi E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

خدا کے خاص بندے ہیں کرامت اِن کے گھر کی ہے

نمازیں اِن سے قائم ہیں، عبادت اِن کے گھر کی ہے

خلیفہ شاہِ عبداللہؒ خِلافت اِن کے گھر کی ہے

رسول پاکؐ سے نسبت اِمامت اِن کے گھر کی ہے

مرے مرشد شہِ رزاقؒ کی ہستی کے کیا کہنے

نَجابت اِن کے گھر کی ہے، سِیادت اِن کے گھر کی ہے

نسل سے ہیں یہ حضرت غوثِ اعظمؒ دستگیر ہی کے

ولی ابنِ ولی ہیں یہ، ولایت اِن کے گھر کی ہے

تو خواجہ فکر مت کر، نیک عمل کر کے بھروسہ رکھ

سخاوت اِن کے گھر کی ہے، شَفاعت اِن کے گھر کی ہے

از: محمد خواجہ (فرزند محمد حسین محصولدار موضع چنگومل)

۱۱ر ربیع الثانی ۱۳۸۰ھ

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Quadri Digitization eGangotri

منقبت مبارک

طالبِ دید ترے حاضرِ دربار ہوئے
شربتِ دید سے بیخود ہوئے ، سرشار ہوئے

مرحبا آپکا دامانِ کرم جن کو مِلا
نامِ رزّاق کو لے کر وہی سردار ہوئے

اِن کی مرضی پہ ہی موقف ہے بخشش اپنی
ہم تو رحمت کے بھروسے پہ خطاوار ہوئے

محی الدینؒ آپ کے ہے دامنِ نسبت کی قسم
واقفِ منزلتِ طالعِ بیدار ہوئے

با ادب اُن سے مِلا کرتی ہے دنیا ساری
کیسے ذی مرتبہ خادم میرے سرکار ہوئے

آپ کی حق پہ رہ چشمِ عنایت تا دم
بحرِ غم سے جو ہوئے بھی تو وہی پار ہوئے

اے ذبیحؔ! کیوں نہ مٹے زنگ ہمارے دل سے
کرمِ پیر سے ہی واقفِ اَذکار ہوئے

از: شیخ اسمٰعیل ذبیح رزّاقی

۱۱ ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ م 1986ء

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Quadri Digitization eGangotri

منقبت

یہ اولیاء کی ہے محفل ، فقیؔر کا گھر ہے
فنا بقا کی ہے منزل یہ پیر کا گھر ہے
فقیؔر ہو کے لُٹاتے ہیں دولتِ ایماں
سخا عطا بھی ہے حاصل ، امیر کا گھر ہے
خدا کی معرفت و مرکزِ وِلائے رسولؐ
ضِیاء سَما سے ہے حاصل ، بصیر کا گھر ہے
شقیق (۱) قلب کا پَل میں علاج کرتے ہیں
شِفا دوا میں ہے شامل ، خبیر کا گھر ہے
عطا فقیؔر کی ہے خاص آپ پر ہادؔی
رِضا خدا کی ہے حاصل ، نَمیر (۲) کا گھر ہے
منانا عرس کا بدعت بتاتے ہیں جُہلا
وِلا لِقا سے ہیں غافل ، سفیر کا گھر ہے
ہیں میرِ کاروانِ راہِ معرفت حضرتؒ
دَنیٰ عُلیٰ کا ہے شَاکِل (۳) ، نذیر کا گھر ہے
تمہیں جو چاہئے ملتا ہے یہاں ارشاؔد
ہُدیٰ ہُدیٰ کا ہے ساحِل ، فقیؔر کا گھر ہے

از: احمد شاہ خان ارشاؔد صاحب ۱۱؍ربیع الثانی ۱۴۲۰ھ

(۱) آدھا ٹکڑا۔ (۲) میٹھا پانی۔ (۳) کان یا گال کے درمیان کی سفیدی۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

منقبت

کیا ہے شاہی؟ فقیؔر جانے ہے
ساری دنیا حقیر جانے ہے

ہے طریقت کا تاج اِن کے سر
زیرِ قدموں سَریر جانے ہے

دولتِ دین کس طرح بانٹے؟
خوب یہ دستگیر جانے ہے

ڈرنا کس سے؟ ڈرانا ہے کس کو؟
نُکتہ یہ بے نظیر جانے ہے

خالی ہاتھوں میں خالی کاسہ لئے
بھرنا دامن فقیؔر جانے ہے

کِس طرح مِٹ کے زندہ رہنا ہے؟
چُٹکلا یہ فقیؔر جانے ہے

سامنے آ کے چُپ رہو ارشاؔد
حال روشن ضمیر جانے ہے

از: احمد شاہ خان ارشاؔد صاحب ۱۱؍ربیع الثانی ۱۴۲۰ھ

☆☆☆

Hazrat Haadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

سلام

عبدِ رزاقؒ پیرِ مُغاں آپ پر ہوں ہزاروں سلام

اے طریقت کے روحِ رواں آپ پر ہوں ہزاروں سلام

عشق میں بھٹکے عُشاق کو سوئے محبوب پہنچادیا

مرہمِ دردِ دل ، دردِ جاں آپ پر ہوں ہزاروں سلام

ہاتھ دونوں ہیں خالی مگر، اوروں کی بھرتے ہیں جھولیاں

یہ کرامت ہے سب پہ عیاں آپ پر ہوں ہزاروں سلام

نعت و حمد و مناجات میں ، سوزِ قرنیؓ بلالیؓ عیاں

عاشقِ رب و شاہِ زماںؐ آپ پر ہوں ہزاوروں سلام

خاص نظرِ کرم آپ کی حضرتِ ہادیؒ پر ہے جمی

اُن پہ ہیں مشفق و مہرباں آپ پر ہوں ہزاروں سلام

خوب خدمت کی اسلام کی ، غیر کو داخلِ دیں کیا

کُفر کی دھوپ میں سائباں، آپ پر ہوں ہزاروں سلام

حمد و مدحت میں ارشاؔد کا ، آپ جیسا ہو زورِ قلم

آپ کا وہ بھی ہے قدرداں آپ پر ہوں ہزاروں سلام

از: احمد شاہ خان ارشاؔد صاحب ۱۱ ربیع الثانی ۱۴۲۰ھ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Quadri. Digitization eGangotri

منقبت

لب پہ نام آیا تمہارا شہِ عبدالرزاقؒ
بن گیا کام ہمارا شہِ عبدالرزاقؒ

مشکلوں میں جو پُکارا شہِ عبدالرزاقؒ
مشکلیں ہوگئیں پارا شہِ عبدالرزاقؒ

وقتِ غرقابِ بحیرہ شہِ عبدالرزاقؒ
کام، نام آیا تمہارا شہِ عبدالرزاقؒ

بیچ مجدھار جو نام آگیا لب پہ میرے
مِلا کشتی کو کنارا شہِ عبدالرزاقؒ

پیر کامل بھی، ہیں پابند شریعت سنت
آپ کو حق نے سنوارا شہِ عبدالرزاقؒ

معتقد ہو کہ مُرید سب پہ رہا کرتی نظر
ہے کرم یکساں خدارا شہِ عبدالرزاقؒ

بزم یہ "نادی الہادی" ہے ہوئی جو جاری
چاہیئے اس کو سہارا شہِ عبدالرزاقؒ

Hazrat Haadi E Deccan Cultural & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

درسِ قرآن میں ہادیؔ کے جو رہتے ہیں شریک

سب کو ہوجائے نظارا شہِ عبدالرزاقؒ

پیر کا اپنے عطا کیجئے کچھ تو صدقہ

حُسن کا اپنے اتارا شہِ عبدالرزاقؒ

ہیں معلّم و مُفسّر و مُصنّف و ادیب!

ہے کرم ہادیؔ پہ سارا شہِ عبدالرزاقؒ

کوئی دنیا میں کسی کا ہے، کسی کا کوئی

آپ ہیں میرا سہارا شہِ عبدالرزاقؒ

آپؒ کے ھادیؔ کا لایا ہے وسیلہ طاہرؔ

اب کرم کا ہو اشارا شہِ عبدالرزاقؒ

محمد غلام طاہر مرزائی

۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ م ۲۲ جولائی ۲۰۰۲ء

☆☆☆

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

منقبت حضرت سید عبدالرزاق قادریؒ

مشکلوں میں جو پُکارا شہِ عبدالرزاقؒ
بن گئے میرا سہارا شہِ عبدالرزاقؒ

مجھ کو ملتا ہے ہر ایک لمحہ زندگی میں سبھی
غوث اعظمؒ کا اتارا شہِ عبدالرزاقؒ

مِل گیا ہم کو سکوں مشکلیں آسان ہوئیں
آپ کو جب بھی پکارا شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کی نظرِ کرم ہو تو چمک جائے گا
میری قِسمت کا ستارا شہِ عبدالرزاقؒ

آپ کے دامن اقدس کو جو تھامے ہر دم
مِل گیا اس کو کنارا شہِ عبدالرزاقؒ

پہلے اللہ نبی غوث و لطیف و طاہر
"آپ ہیں میرا سہارا شہِ عبدالرزاقؒ"

آپ ہیں ساتھ جو سجّادؔ کے ان شاء اللہ
چین سے ہوگا گزارا شہِ عبدالرزاقؒ

از: ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاابالی الجیلانی سجادہ نشین حضرت ممدوحؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Qadri Digitization eGangotri

منقبت

غم میں جس نے بھی پکارا شہِ عبدالرزاق
مل گیا اس کو سہارا شہِ عبدالرزاق

زندگی میں بھی مری بعد مرے مرنے کے
آپ ہو میرا سہارا شہِ عبدالرزاق

آپ ہو آلِ نبیؐ اور علی کے پوتے
غوث اعظم کا سراپا شہِ عبدالرزاق

ہوگی سب مشکلیں آسان مری ہر لمحہ
تم کو مَیں نے جو پکارا شہِ عبدالرزاق

زندگی ڈوب رہی ہے میری طوفانوں میں
جو ہُوا شاذ و تنہا شہِ عبدالرزاق

اک نظر ڈال دیں اسلم پہ ذرا اے شاہا
ہے یہ احقرؔ بھی تمہارا شہِ عبدالرزاق

محمد اسلم خان احقرؔ ۱۷ ربیع الاول ۱۴۴۱ھ م ۱۵ نومبر 2019ء

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qudsi Digitization eGangotri

منقبت

نام کتنا ہے یہ پیارا شہِ عبدالرزاق
ہے یہی میرا وظیفہ شہِ عبدالرزاق

غوث اعظم کا ہیں جلوہ شہِ عبدالرزاق
کتنا نورانی ہے چہرہ شہِ عبدالرزاق

ہر جگہ آگئے ہو میری مدد کی خاطر
مَیں نے جب جب بھی پکارا شہِ عبدالرزاق

ایک مَیں ہی نہیں اے شاہ ہدیٰ کے پیارے
شیدا عالم ہے تمہارا شہِ عبدالرزاق

یہ کرامت تھی کہ بغداد کو روزانہ ہی
آنا جانا تھا تمہارا شہِ عبدالرزاق

لاج رکھ لیجئے لِلّٰہ وہاں محشر میں
آپ ہیں میرا سہارا شہِ عبدالرزاق

کیوں نہ اب آپ کی نسبت پہ محیؔ ناز کرے
آپ تو اس کے ہیں دادا شہِ عبدالرزاق

الحاج سید عبدالمستعان قادری محیؔ ۔ ۲۱؍ربیع الاول ۱۴۴۱ھ م ۱۹؍نومبر 2019ء

Hazrat Jaad-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت

غوث اعظم کے ہیں پیارے شہِ عبدالرزاق
لاابالی کے دلارے شہِ عبدالرزاق

گر نہ ملتے ترے اجداد کا صدقے مجھ کو
ہوگئے ہوتے خسارے شہِ عبدالرزاق

بالیقیں اُس کی مدد کے لئے تم آتے ہو
جو کوئی تم کو پکارے شہِ عبدالرزاق

ترے جلوؤں میں نظر آتے ہیں اہل دل کو
غوث اعظمؓ کے نظارے شہِ عبدالرزاق

جس کو دیکھو یہی کہتا ہوا آتا ہے نظر
بے کسوں کے ہیں سہارے شہِ عبدالرزاق

تیری درگاہ سے پاتے ہیں مرادیں اپنی
ہیں جو حالات کے مارے شہِ عبدالرزاق

عالمِ غیب سے جعفرؔ یہ صدا آتی ہے
ہاں تمہارے ہیں تمہارے شہِ عبدالرزاق

سید جعفرؔ حسینی

یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۴۱ھ مطابق 28 ڈسمبر 2019ء

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri, Hyderabad. Digitization eGangotri

فہرست مطبوعات دار الہدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبدالرزاق قادری لاابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن ۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی الجیلانی سجادؔ عفی عنہ

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف رموئف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روزمرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعمیر نو	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
۶	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	
۹	شرح المطالعۃ السعودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	ڈسمبر 1988	
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	ڈسمبر 1989	
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad. Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

۱۴	مختصر احوال علماء و اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990	
۱۵	مختصر تاریخِ ادبِ عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991	
۱۶	تذکرہ اجدادِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992	
۱۷	گلدستۂ نعت و منقبت	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993	گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	ڈسمبر 1994	
۱۹	تربیتی و اصلاحی دروس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	ڈسمبر 1994	
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995	
۲۱	مجلّہ قادریہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996	
۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	ڈسمبر 1996	
۲۳	خیر البشر رسولؐ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	ڈسمبر 1997	
۲۴	نواصلِ قرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	ڈسمبر 1998	
۲۵	حدیقہ نادی الہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999	گلدستہ
۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع المنور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۲	جولائی 2001	
۲۸	صد پارۂ دل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۲	ڈسمبر 2001	
۲۹	فاخر فقیر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۳	جولائی 2002	
۳۰	زکوٰۃ کے آسان مسائل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۳	نومبر 2002	
۳۱	حلال و حرام	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۴	ڈسمبر 2003	
۳۲	طیباتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵	جون 2004	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad / Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

۳۳	ہادیٔ القرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذوالحجہ ۱۴۲۵	فروری 2005	
۳۴	قرآن عزیز اور میڈیکل سائنس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶	جون 2005	
۳۵	شاگردانِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۶	اکتوبر 2005	
۳۶	بزمِ قادریہ ۱۴۲۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷	جون 2006	گلدستہ
۳۷	لفظ لفظ لولو	حماد پاشاہ و منقاد پاشاہ (مرتبین)	ربیع الثانی ۱۴۲۸	مئی 2007	
۳۸	گلدستہ محامد اولیاء ۱۴۲۸ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸	جون 2007	گلدستہ
۳۹	بزمِ قادریہ ۱۴۲۹ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹	مئی 2008	گلدستہ
۴۰	مناقبِ غوث الثقلینؓ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰	اپریل 2009	
۴۱	مدحِ غریب نواز	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱	اپریل 2010	
۴۲	غمامِ رحمت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲	اپریل 2011	مناقب سرکار لاابالی
۴۳	شعر شعر شبنم	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۲	نومبر 2011	
۴۴	نگارشاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۵	سوغاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۶	لطائفِ مہیمن	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۷	گلستانِ محمدی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۸	گلدستہ قادریہ ۱۴۳۴ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۹	خیابانِ قادریہ ۱۴۳۴+۱۴۳۳	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	مارچ 2014	گلدستہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri - Digitization eGangotri

۵۰	جواہر قادریہ		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولی ۱۴۳۵	فروری 2014	گلدستہ
۵۱	چمنستانِ قادریت		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولی ۱۴۳۶	فروری 2015	گلدستہ
۵۲	دُرہادی		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ربیع الثانی ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۳	گلدستہ قادریہ ۱۴۳۷ھ		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۴	گلدستہ قادریہ لاابالیہ ۱۴۳۷ھ		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۵	ارشادات قبول (فارسی)		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۷	ستمبر 2016	
۵۶	عُرس		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸	جنوری 2017	گلدستہ
۵۷	فاسق		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹	جنوری 2018	گلدستہ
۵۸	باقة المهيمن (عربی)		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۰ نومبر 2019	
۵۹	خوارقِ عظمت الٰہی (فارسی)		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	۱۴ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۳ نومبر 2019	فارسی سے اردو
۶۰	صندل		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	گلدستہ
۶۱	راہِ جنت		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	طبع ثانی
۶۲	غیم غوث صمدانی قصیدہ غوثیہ کا منظوم ترجمہ		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۳	طرسِ رحمانی دعائے سُریانی کا منظوم ترجمہ		ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad - Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

۶۴	یاجیلانیؒ مناقب غوث اعظمؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۲۳ھ
۶۵	مناقبِ قطبِ دوراںؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۲۴ھ
۶۶	تکبر اور اس کے اسباب	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۶۰ھ
۶۷	گلشنِ نعت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۶۷ھ
۶۸	کلیاتِ فقیرؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۶۹	نصرت اثر منظوم سراپا۔ حضرت فخرِ اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۰	شکر گزار منظوم سوانح۔ حضرت فخرِ اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۱	فخرِ گلستان۔ منظوم کرامات۔ حضرت فخرِ اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۲	تخیلات عرض داشت قمر	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۳	مُرتاض مناقب فخرِ اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنِ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۴	طشت اذکار	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۷۵	باقة المهيمن عربی،اردو	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad. Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri, Collection Peer Sahib Hyderabad, Digitization eGangotri

Manzoom Karamaat

Hazrat Fakhre Aouliya

Syed Shah Abdul Razzaq Quadri Laoubali

Al-Maroof Patthar Wale Saheb (Rh)

Murtaz

Auther

Mohammed Khaja Moinuddin Arif Biyabani Arif

Since writing 11\Safar 1376 Hijri, 1956 Ad

Murattib

Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laobali

Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Laoubali Al-Jilani Sajjad

Sjaadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb

Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

Zer-e-Ehtemaam

Al-Haj Syed Abdul Muaqqar Quadri

Laoubali Al-Jilani Irshad Pasha

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad. Digitized by eGangotri